www.KitaboSunnat.com

بدل بدل کر مختلف زاویوں سے وہ دکھا رہے تھے- ایسی خبروں کے تکرار کا مقصد لوگوں میں "جنوں" پیدا کرنے کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا- گذشتہ کئی برسوں سے بل کلنٹن کی جنسی بے اعتدالیوں کے واقعات خبروں کا مرکز بنے رہے ہیں- لیکن اب جس طرح سیکس سکینڈل کو اچھالا جارہا ہے- اس کے پس پشت یہودی لابی کی سازش کار فرما نظر آتی ہے- مان لیا یہ ایک بڑی خبر ہے، لیکن "ٹائم" اور "نیوز ویک" کے پورے شمارے کو اسی "سکینڈل" سے بھر دینے کا کوئی جواز نہیں ہے "کلنٹن سکینڈل" کو ایسے وقت میں "فوکس" میں لایا گیا ہے جب امریکی صدر نے اسرائیلی وزیر اعظم کی بات ماننے سے انکار کر دیا ہے- اسی لئے جو لوگ اس "سکینڈل" کی کڑیاں یہودی سازش سے ملاتے ہیں، ان کے خدشات بے جا نہیں ہیں-

دوہرے معیارات اور پیچیدہ سیاسی افکار کی حامل امریکی قوم کی تاریخ میں اب تک صرف ایک صدر اینڈریو جانسن کے خلاف 1868ء میں تحریک مواخذہ پیش کی گئی تھی جو سینٹ میں صرف ایک ووٹ سے ناکام ہوگئی تھی- اور صدر جانسن نے اپنی صدارتی مدت پوری کی تھی- 1974ء میں صدر رچرڈ نکسن تحریک مواخذہ پیش ہونے سے پہلے ہی مستعفی ہوگئے تھے- صدر کلنٹن یہودی لابی کے اس وار سے بچ نکلنے میں کامیاب ہوں گے یا نہیں؟ اس کا فیصلہ تو چند روز میں ہو جائے گا- لیکن بہرحال امریکی معاشرے کے دوغلے پن اور تہذیب مغرب کی دورخی تو مسلم ٹھہری ہے اور اسلام کی عظمت اور آفاقیت نے ایک بار پھر دنیا کو چیلنج کر دیا ہے-

ارشد فارانی

قلبِ مومن ہے گلستانِ حدیث

اللہ اللہ عظمت و شانِ حدیث — جاری و ساری ہے فیضانِ حدیث
قول و فرمان رسولِ محترم — کیوں نہ پھر ہو جائیں قربانِ حدیث
جس سے قرآن کا ملا فہم و شعور — اے خوشا وہ ہے دبستانِ حدیث
اس نے سمجھائے ہیں قرآن کے رموز — یہ حقیقت میں ہے احسانِ حدیث
نورِ قرآن سے ہے مومن مستنیر
قلب مومن ہے گلستانِ حدیث

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ